## شال بقیہ 1

کا کنسٹیبلری ٹریننگ سینٹر چاند تک سرد وشب قدر کا دورہ کیا، انسی رائٹ ونگ کی خصوصی تربیتی مشقوں کا معائنہ کیا اور اہلکاروں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، جدید تربیت اور آپریشنل تیاری کو سراہا۔ انہوں نے انسی رائٹ ونگ کے اہلکاروں کی مختلف عملی مشقیں دیکھیں، اہلکاروں نے ہجوم کو کنٹرول کرنے، حساس مقامات کے تحفظ، پرتشدد صورتحال سے نمٹنے اور امن و امان برقرار رکھنے سے متعلق اپنی پیشہ ورانہ مہارت کا عملی مظاہرہ کیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ انسی رائٹ فورس کو جدید خطوط پر تربیت دی گئی ہے، امن و امان کی کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے فورس مکمل طور پر تیار اور بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، ملک کے امن و امان اور استحکام کو کسی صورت سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پرامن احتجاج ہر شہری کا حق ہے، قانون نے احتجاج کا طریقہ کار واضح طور پر متعین کر رکھا ہے، قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن احتجاج پر کسی کو اعتراض نہیں، احتجاج کی آڑ میں تشدد، توڑ پھوڑ، سرکاری و نجی املاک کو نقصان پہنچانے اور امن و امان خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ان کا کہنا تھا کہ ریاست امن و امان برقرار رکھنے کی اپنی ذمہ داری پوری کرے گی اور قانون ہاتھ میں لینے والے عناصر سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا۔ امن و امان کی موجودہ صورتحال میں فیڈرل کانسٹیبلری کا کردار پورے ملک میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ آپ کو ہر قسم کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار رہنا ہے، اپنی تربیت بھرپور طریقے سے مکمل کریں اور مکمل پیشہ ورانہ تیاری کے ساتھ میدان میں اتریں، آپ کو بین الاقوامی معیار کا جدید پروٹیکشن گیئر فراہم کیا جا رہا ہے تاکہ فیلڈ میں آپ کی حفاظت اور آپریشنل استعداد کو یقینی بنایا جا سکے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تمام جوانوں کو گیس ماسک فراہم کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ آپ کی تربیت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے، ہر طرح کی ٹریننگ محنت، لگن اور مکمل پیشہ ورانہ جذبے کے ساتھ مکمل کریں۔ انہوں نے ایف سی ہیڈکوارٹرز میں کھیلوں کی بہترین سہولتیں فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ عالمی معیار کا سوئمنگ پول بھی بنایا جائے گا۔ آئی جی فیڈرل کانسٹیبلری، ڈی آئی جی ٹریننگ، ڈی او ایف سی اور دیگر اعلیٰ افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

## شال بقیہ 2

باندھیں، جبکہ پریس کلبوں کی عمارتوں اور مختلف صحافتی دفاتر پر سیاہ پرچم لہرائے گئے۔ کوئٹہ میں بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ، بی یو جے میں سیکرٹری جنرل اللہ داد رند، نائب صدر ندیم بابر مغل، بھاگ میں مرکزی نائب صدر رمضان بھٹی، ایڈیشنل سیکرٹری امداد حسین، ڈویژنل صدر بی گورنمنٹ دار بیچہ، نصیر آباد میں مرکزی سینئر نائب صدر اللہ یار ڈومکی، شریف جمالی، اسد اللہ عمرانی، ڈاکٹر رضا باجی، شیخ فرید اللہ اور دیگر نے یوم سیاہ منانے والے صحافیوں، سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس اور میڈیا کارکنوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ شہدا صحافت نے سچ، حق اور آزادی اظہار کی خاطر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے، ان کی قربانیاں صحافتی تاریخ کا روشن باب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صحافت ایک مقدس ذمہ

